**18.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... حبیب الرحمٰن

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آسام میں Kalibor کے مقام پر 6 ہزار 950 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کازی رنگا Elevated کوریڈور پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے کہا کہ کازی رنگا صرف ایک قومی پارک نہیں، بلکہ آسام کی روح ہے۔

☆ وزیر اعظم نے دو نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

☆ وزیر اعظم مودی آج شام مغربی بنگال کے ہُگلی ضلعے میں Singur کے مقام پر تقریباً 830 کروڑ روپے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

☆ بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر جیتن رام ماجھی نے آج نئی دلّی میں پی ایم وشوکرما ہاٹ کا افتتاح کیا۔

☆ بھارت کی بجلی تقسیم کرنے والی کمپنیوں نے 2024-25 میں 2 ہزار 701 کروڑ روپے کا ریکارڈ منافع درج کیا ہے۔

☆ ناسا نے چاند کیلئے اپنا نیا طاقت ور راکٹ لانچ پیڈ پر منتقل کردیا ہے، جو 50 سال سے زیادہ عرصے میں پہلی بار عملے کے ساتھ چاند کی گردش کی تیاری کر رہا ہے۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان اندور میں تیسرا اور آخری ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جارہا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM - Assam**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آسام کے ناگاؤں ضلعے میں Kaliabor کے مقام پر 6 ہزار 950 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کازی رنگا Elevated کوریڈور پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ 86 کلومیٹر طویل Elevated کوریڈور پروجیکٹ، ماحولیات کے اعتبار سے حساس، ایک قومی شاہراہ پروجیکٹ ہے۔ اِس میں 35 کلومیٹر Elevated وائلڈ لائف

کوریڈور بھی شامل ہے، جو کازی رنگا نیشنل پارک ہوکر گزرے گا۔ اِس پروجیکٹ کا مقصد، علاقائی کنکٹی وٹی کو بہتر بنانا اور مذکورہ پارک کے مالامال حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ یہ پروجیکٹ ناگاؤں، کربی Anglong اور گولا گھاٹ ضلعوں سے ہوکر گزرے گا اور اِس سے آسام کے بالائی علاقوں بالخصوص ڈبروگڑھ اور Tinsukia میں کنکٹی وٹی میں واضح طور پر اضافہ ہوگا۔

Elevated وائلڈ لائف کوریڈور، جانوروں کی بلا روکاوٹ آمد و رفت کو یقینی بنائے گا اور انسان اور جنگلی جانوروں کے درمیان ٹکراؤ کو کم کرے گا۔

Kaliabor میں ترقیاتی پروجیکٹوں کے آغاز کے بعد، اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ کازی رنگا صرف ایک قومی پارک نہیں، بلکہ آسام کی روح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یونیسکو نے کازی رنگا کو عالمی ثقافتی ورثہ کا حامل مقام قرار دیا ہے۔ جناب مودی نے اجاگر کیا کہ حالیہ برسوں میں کازی رنگا آنے والے سیاحوں کی تعداد میں زبردست اضافہ ہوا ہے۔

**SB - Narendra Modi**

وزیر اعظم نے آسام کے ناگاؤں ضلعے میں Kaliabor میں دو نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ ٹرینیں ہیں، کامکھیہ-روہتک امرت بھارت ایکسپریس اور ڈبروگڑھ-لکھنؤ (گومتی نگر) امرت بھارت ایکسپریس۔×

**<u>PM West Bengal</u>**

بھارت کے بجلی تقسیم کرنے والے اداروں نے مالی سال 2024-25 میں ٹیکس کی ادائیگی PAT کے بعد دو ہزار 701 کروڑ روپے کا منافع درج کیا ہے۔ بجلی کی وزارت کے مطابق ریاستوں کے بجلی بورڈس کو الگ الگ کاروباری شاخوں اور منظّم اداروں کی شکل دینے کے بعد سے، بجلی تقسیم کرنے والے ادارے گزشتہ کئی برس سے مجموعی طور پر نقصان درج کررہے تھے۔ وزارت نے کہا کہ اب مالی سال 2024-25 میں ٹیکس کی ادائیگی کے بعد منافع درج ہونا، 2013-14 میں 67 ہزار 962 کروڑ روپے کے نقصان کے مقابلے ایک اہمیت کی حامل پیش رفت ہے۔ اس بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے کہا کہ یہ بجلی کی تقسیم کاری کے شعبے میں ایک نیا باب ہے۔×

**<u>PM-Malda Rally</u>**

وزیراعظم نریندر مودی نے ترنمول کانگریس TMC حکومت پر شدید نکتہ چینی کی ہے اور اِسے سنگدل قرار دیا ہے اور اس حکومت سے اقتدار سے فوری طور پر بے دخل ہوجانے کی اپیل کی ہے۔ جناب مودی نے یہ بات کل مغربی بنگال کے مالدہ میں کئی ٹرینوں کو جھنڈی دکھانے اور 3 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے نئے پروجیکٹوں کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔

جناب مودی نے غیر قانونی دراندازی کو بھی اُجاگر کیا، جو ریاست کیلئے ایک سنگین چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سلسلہ ایک ایسے مرحلے پر پہنچ گیا ہے کہ جس سے خطے میں آبادی کا تناسب اور مقامی زبانیں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔

**SB - PM on Infiltrations**

**PM Vishwakarma Haat**

بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر جیتن رام ماجھی نے آج نئی دلّی میں پی ایم وشوکرما ہاٹ 2026 کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر وزیر موصوف نے دستکاروں، فن کاروں اور دیگر نمائش کاروں کے ساتھ بات چیت بھی کی۔ افتتاحی تقریب کے دوران MSME کی وزیرمملکت شوبھا Karandlaje اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ملک بھر کی تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں سے 100 سے زیادہ دستکار اِس ہاٹ میں حصہ لے رہے ہیں، جس سے ملک بھر کی متنوع روایتی ہنرمندی اور دستکاری کی نمائندگی ہوتی ہے۔ پی ایم وشوکرما ہاٹ 2026 اِس مہینے کی 31 تاریخ تک جاری رہے گا اور یہ عوام کیلئے صبح ساڑھے 10 بجے سے رات 10 بجے تک کھلا رہے گا۔x

**Power Positine PAT**

بھارت کے بجلی تقسیم کرنے والے اداروں نے مالی سال 2024-25 میں ٹیکس کی ادائیگی PAT کے بعد دو ہزار 701 کروڑ روپے کا منافع درج کیا ہے۔ بجلی کی وزارت کے مطابق ریاستوں کے بجلی بورڈس کو الگ الگ کاروباری شاخوں اور منظّم اداروں کی شکل دینے کے بعد سے، بجلی تقسیم کرنے والے ادارے گزشتہ کئی برس سے مجموعی طور پر نقصان درج کررہے تھے۔ وزارت نے کہا کہ اب مالی سال 2024-25 میں ٹیکس کی ادائیگی کے بعد منافع درج ہونا، 2013-14 میں 67 ہزار 962 کروڑ روپے کے نقصان کے مقابلے ایک اہمیت کی حامل پیش رفت ہے۔ اس بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے کہا کہ یہ بجلی کی تقسیم کاری کے شعبے میں ایک نیا باب ہے۔x

**NASA M Moon Mission**

ناسا نے چاند کیلئے اپنا نیا طاقت ور راکٹ لانچ پیڈ پر منتقل کردیا ہے۔ وہ 50 سال سے زیادہ عرصے میں پہلی بار عملے کے ساتھ چاند کی گردش کی تیاری کر رہا ہے۔ 322 فٹ کا اسپیس لانچ سسٹم راکٹ کو Kennedy اسپیس سنٹر سے باہر لایا گیا جس میں پورا دن صرف ہوگیا۔ ناسا کے ہزاروں کارکن اور ان کی فیملی کے افراد اس تاریخی لمحے کو دیکھنے کیلئے جمع ہوئے۔

یہ مشن چار خلا بازوں کو چاند کے مدار میں لے جائے گا اور وہ 10 دن کے سفر کے بعد واپس آئیں گے۔ یہ پرواز غالبًا فروری میں عمل میں آئے گی۔ عملے میں ناسا کے تین خلا باز Reid Wisemain، Victor Glover اور Christina Koch اور کناڈا کے ایک خلا باز Jeremy Hansen شامل ہیں۔x

**Bangladesh - Journalism**

بنگلہ دیش میں ایڈیٹروں اور میڈیا رہنماؤں نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ آزاد صحافت واحد ادارہ ہے، جو حکومتوں کو سچ بتانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ میڈیا پر حملے، جمہوریت اور بنیادی آزادی کیلئے خطرہ ہیں۔

ڈھاکہ میں منعقدہ میڈیا کنونشن 2026 سے خطاب کرتے ہوئے The Daily Star کے ایڈیٹر محفوظ Anam نے کہا کہ حکومتیں اکثر پارٹی اراکین، بیوروکریسی اور انٹیلی جنس اداروں کی تعریفوں کے گھیرے میں رہتی ہیں، جبکہ صرف آزاد

صحافت ہی بدعنوانی، پالیسی کی ناکامیوں اور عوامی بے چینی کو بے نقاب کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو حکومت واقعی آزاد اور لبرل صحافت پر یقین رکھتی ہے، درحقیقت سب سے زیادہ فائدہ بھی اُسی کو ہوتا ہے۔×

**DGCA - Indigo Penalty**

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے پچھلے سال دسمبر کے اوائل میں اِنڈیگو ایئرلائن کی جانب سے بڑے پیمانے پر پروازوں میں تاخیر اور منسوخی کے بعد، ایئرلائن پر 22 کروڑ 20 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔
3 سے 5 دسمبر کے دوران، 2 ہزار 507 پروازوں کی منسوخی اور 1 ہزار 852 پروازوں میں تاخیر کے باعث مختلف ہوائی اڈوں پر پھنسے ہوئے تین لاکھ سے زیادہ مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔
یہ جرمانہ DGCA کی جانب سے تشکیل دی گئی چار رکنی کمیٹی کی تفصیلی تحقیقات کے بعد عائد کیا گیا ہے، جس کا مقصد اِنڈیگو کے کام کاج میں آنے والی رکاوٹوں کی وجوہات کا پتہ لگانا اور تجزیہ کرنا تھا۔×

**UP - FIR**

اتر پردیش میں وارانسی کے Manikarnika گھاٹ کی تعمیرِ نو سے متعلق سوشل میڈیا پر مبینہ طور پر گمراہ کن خبر پھیلانے کے معاملے میں پولیس نے کل شام 8 الگ الگ FIR درج کی ہیں۔
یہ FIR شہر کے چوک تھانے میں درج کی گئیں، جن میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ ہندو مت پر یقین رکھنے والے افراد کو گمراہ کرنے کیلئے ہندو دیوی دیوتاؤں کی تصاویر کا استعمال کیا گیا، جس سے عوامی سطح پر غم و غصہ پیدا ہوا، سماجی ہم آہنگی متاثر ہوئی اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسی کے ساتھ ساتھ حکومت کی شبیہ کو بھی نقصان پہنچا۔×

**Cricket**

مردوں کی کرکٹ میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا تیسرا اور آخری فیصلہ کُن میچ اندور کے Holkar اسٹیڈیم میں جاری ہے۔
بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا ہے۔ اب سے تھوڑی دیر پہلے تک نیوزی لینڈ نے 5 اووروں میں 2 وکٹ کے نقصان پر 21 رن بنالئے تھے۔
فی الحال سیریز ایک-ایک کی برابری پر ہے۔×

**India - Japan Coast Guard**

بھارتی ساحلی محافظ دستے ICG اور جاپانی ساحلی محافظ دستے JCG نے ممبئی میں خطرناک اور مضر مادے HNS سے نمٹنے کیلئے مشترکہ مشق کی، جس سے دونوں ملکوں کے ساحلی محافظ دستوں کے درمیان مضبوط سمندری شراکت داری نیز آزاد اور کھلے بھارت-بحرالکاہل خطے کے عزم کا اعادہ ہوا۔
اِس دوران، جاپانی ساحلی محافظ دستے کے کمانڈنٹ ایڈمرل Yoshio Seguchi نے کل ایک اعلیٰ سطحی وفد کے

ساتھ بھارتی ساحلی محافظ دستے کے علاقائی مغربی ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا۔ ایڈمرل Seguchi نے بھارتی ساحلی محافظ دستے کے مغربی علاقائی ہیڈکوارٹر کے کمانڈر، انسپکٹر جنرل بھیشم شرماکے ساتھ ایک خیر سگالی ملاقات کی۔ اِس ملاقات کے دوران، دونوں فریقوں نے باہمی تعاون اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔
اِس دوران، بھارتی ساحلی محافظ دستے کے آلودگی کی روک تھام کے بحری جہاز ICGS سمندر پرہاری پر ایک خصوصی تربیتی مشق کا بھی انعقاد کیا گیا۔×

## Maha - Accident

مہاراشٹر میں شولاپور-پونے قومی شاہراہ پر موہول کے نزدیک ایک افسوسناک سڑک حادثے میں 5 افراد ہلاک ہوگئے۔ اِس حادثے میں ایک خاتون زخمی ہوگئی۔
یہ حادثہ کل رات تقریباً 11 بجے اُس وقت پیش آیا، جب ایک تیز رفتار کار بے قابو ہوکر سڑک کنارے درخت سے ٹکرا گئی۔
تمام متاثرہ افراد Panvel سے Akkalkot جارہے تھے۔ زخمی خاتون کو موہول کے سرکاری اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ حادثے کی تحقیقات جاری ہے۔×

## Baloch Abducted Women

فاطمہ محمد قاسم، جنہیں مبینہ طور پر 13 جنوری کو بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کے علاقے Hub چوکی سے پاکستانی سیکیورٹی ایجنسیوں نے اغوا کرلیا گیا تھا، کے اہلِ خانہ نے اُن کی فوری رہائی کی اپیل کی ہے۔ اُن کے رشتہ داروں کا کہنا ہے کہ فاطمہ کو اکرم کالونی میں واقع اُن کے گھر سے رات گئے ایک چھاپے کے دوران اُٹھالیا گیا۔ پولیس اور دیگر حکام سے معلومات حاصل کرنے کی بار بار کوششیں ناکام رہی ہیں۔ اُن کے بھائی نے مطالبہ کیا ہے کہ اگر فاطمہ پر کوئی الزامات ہیں تو انہیں عدالت میں پیش کیا جائے۔ انہوں نے خاندان کی بے گناہی پر زور دیا اور کہا کہ وہ علاقے میں طویل عرصے سے رہائش پذیر ہیں۔
بلوچ ویمن فورم نے اِس اغوا کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ بلوچ خواتین کی جبری گمشدگیوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کی عکاسی کرتا ہے۔ فورم کے مطابق 2025 میں اب تک کم از کم بارہ ایسے واقعات ریکارڈ ہو چکے ہیں، جن میں ایک خاتون کی موت واقع ہوئی، پانچ خواتین کو شدید ذہنی صدمے کے بعد رہا کیا گیا، جبکہ چھ خواتین تاحال لاپتہ ہیں۔×

## US - Syria ISIS Killed

امریکی فوج نے شمال مغربی شام میں القاعدہ سے وابستہ ایک سینئر لیڈر کو ہلاک کر دیا ہے، جو براہِ راست داعش کے اُس حملے میں ملوث تھا، جس میں جس میں پچھلے مہینے 2 امریکی فوجی اور ایک مترجم ہلاک ہوگئے تھے۔ یہ بات امریکی سینٹرل کمان CENTCOM نے بتائی ہے۔
CENTCOM کے مطابق یہ کارروائی امریکی افواج پر حملوں کے ذمہ دار عناصر کا تعاقب جاری رکھنے کے عزم کی

عکاسی کرتی ہے۔ یہ حملہ آپریشن ہاک آئی کے بعد کیا گیا، جو گھات لگا کر کیے گئے حملے کے جواب میں شروع کیا گیا تھا۔ اس دوران امریکی اور اتحادی افواج نے گزشتہ ایک سال میں شام بھر میں داعش کے **100** سے زیادہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور **300** سے زیادہ داعش کارندوں کو گرفتار کیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆